بے شک اللہ تعالیٰ ہی بہترین انتظام کرنے والا ہے
ABC Certified
بلدیات، سماجیات اور سیاست کا منفرد ترجمان
کوئٹہ، کراچی، گوادر سے بیک وقت شائع ہونیوالا کثیر الاشاعت اخبار
Email: dailynazimnewskhi6@gmail.com
dailynazimnews.com.pk
روزنامہ ناظم نیوز کراچی
ایڈیٹر انچیف: اسفندیار
Member APNS
REGD.MC. NO 1423
جلد نمبر 18 | پیر 24 اگست 2026ء، 10 ربیع الاول 1448ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 352

آزاد کشمیر میں نئے وزیر اعظم کی نامزدگی پر غور

وزیر اعظم کی نواز شریف سے ملاقات

آزاد کشمیر کے وزیر اعظم کے منصب کے لیے شاہ غلام قادر اور طارق فاروق کے نام زیر غور ہیں اور ان دونوں میں سے کسی ایک کو نامزد کیے جانے کا امکان ہے

مشاورت مکمل ہونے کے بعد نئے وزیر اعظم کے نام کا باضابطہ اعلان جلد متوقع، ملاقات میں ملکی سیاسی صورتحال سمیت پارٹی امور بارے بھی تبادلہ خیال

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر میاں نواز شریف سے جاتی امرا رائے ونڈ میں اہم ملاقات کی جس میں آزاد کشمیر کے نئے وزیر اعظم کے نام پر مشاورت اور ملک کی مجموعی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف بھی موجود تھیں۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں آزاد کشمیر کے نئے وزیر اعظم کے انتخاب کے حوالے سے مشاورت کی گئی اور متوقع امیدواروں کے ناموں پر غور کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق آزاد کشمیر کے وزیر اعظم کے منصب کے لیے شاہ غلام قادر اور طارق (بقیہ نمبر 26 صفحہ نمبر 3)

شام کے وزیر خارجہ کا پاکستان کا دورہ، سیکیورٹی تعاون بڑھانے کا اعادہ

دمشق اور اسلام آباد کے درمیان سیاسی، سیکیورٹی اور اقتصادی تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال

پاکستان نے اسرائیلی حملوں کو بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے مذمت کی، شامی میڈیا

دمشق / اسلام آباد (نیوز ڈیسک) شام کے وزیر خارجہ نے 19 سال کے طویل (بقیہ نمبر 23 صفحہ نمبر 3)

حج 2027 کے عازمین پر نئی پابندی لاگو کر دی گئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حج 2027 کے لیے درخواستیں جمع کرانے والے (بقیہ نمبر 24 صفحہ نمبر 3)

ایم کیو ایم نے لوگوں کو گٹکے ماوے پر لگا دیا، میئر کراچی

یہ لوگ ہمیشہ تفریق اور تعصب کی بات کرتے ہیں، ان سے پہلے اس شہر میں میرٹ تھا اور ترقی تھی

کراچی کے والوں کو قلم چھین کر اسلحہ پکڑا دیا، ماضی میں ایک کال پر شہر کو بند کر دیا جاتا تھا، مرتضیٰ وہاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میئر کراچی مرتضیٰ وہاب کا کہنا ہے کہ ایم (بقیہ نمبر 25 صفحہ نمبر 3)

کراچی میں عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں بخاری شاہ مسجد کو برقی قمقموں سے سجایا گیا ہے

لاہور، کراچی پشاور میں دھرنے

بند کمروں میں مذاکرات، ایسا نہیں ہو سکتا

حافظ نعیم نے 13 ربیع الاول کو ملک بھر میں شٹر ڈاؤن ہڑتال کا اشارہ دے دیا

جماعت اسلامی کسی گرینڈ اپوزیشن اتحاد کا حصہ نہیں بننے جا رہی، نظام میں تبدیلی کیلئے اپنے بل بوتے پر سیاسی فورم سے عوام کا مقدمہ لڑیں گے

مافیاز نے پہلے چینی درآمد کر کے کھایا اور اب وہ برآمد کر کے کھائیں گے، حکومت سے دھرنا ختم کرنے پر بات نہیں ہوگی، امیر جماعت اسلامی پاکستان

لاہور (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے مہنگے پیٹرول اور لیوی کے خلاف احتجاجی دھرنا جاری رکھنے کا اعلان کر دیا۔ حافظ نعیم الرحمان نے دوٹوک اعلان کیا ہے کہ جماعت اسلامی کسی گرینڈ اپوزیشن اتحاد کا حصہ نہیں بننے جا رہی، نظام میں تبدیلی کیلئے اپنے بل بوتے (بقیہ نمبر 22 صفحہ نمبر 3)

صدام حسین کو پھانسی لگ سکتی ہے تو تین یا چار مقدمہ کیوں نہیں ہو سکتا، فضل الرحمن

دیانت دل میں نہ رکھنے والے مخلص نہیں ہو جاتے، معاشرے کو عدل فراہم کرنے کی ضرورت ہے، سربراہ جے یو آئی

ظلم کیساتھ حکمرانی برقرار نہیں رہ سکتی، پارلیمنٹ میں قرآن وسنت کے منافی کوئی قانون پاس نہیں ہو سکتا، خطاب

پشاور (بیورو رپورٹ) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ فرد واحد کی خاطر فیصلے نہیں مان سکتے، ہمیں رویوں میں تبدیلی لانی ہوگی، دیانت دل میں نہ رکھنے والے مخلص نہیں ہو جاتے، معاشرے کو عدل فراہم کرنے کی ضرورت ہے، ظلم کیساتھ حکمرانی برقرار نہیں (بقیہ نمبر 21 صفحہ نمبر 3)

☆☆ مریدکے: وفاقی وزیر رانا تنویر حسین کا ملاقات کیلئے آنیوالوں کے ہمراہ گروپ فوٹو ☆☆

بلدیاتی انتخابات: پیپلز پارٹی پنجاب میں متحرک، ٹاسک فریال تالپور کے حوالے

فریال تالپور نے بھرپور سرگرمیاں شروع کر دیں، وسطی، جنوبی پنجاب کے عہدیداروں سے ملاقاتیں، بریفنگ لی

فریال تالپور جلد پنجاب بھر کے دورے پر نکلیں گی، ڈویژن، ضلع، تحصیل سطح پر پارٹی تنظیموں سے ملاقاتیں کریں گی

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی نے پنجاب کے بلدیاتی انتخابات اور پارٹی کو فعال کرنے کیلئے فریال تالپور کو میدان میں اتار دیا۔ بتایا گیا ہے کہ صدر مملکت آصف علی زرداری نے اپنی بہن فریال تالپور کو ابتدائی مرحلے میں پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کی تیاری کا ٹاسک دیا ہے، جس (بقیہ نمبر 20 صفحہ نمبر 3)

☆☆ پشاور: امیر جے یو آئی مولانا فضل الرحمان ورکرز کنونشن سے خطاب کر رہے ہیں ☆☆

پیاز، ٹماٹر اور آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ

حق پرست اراکین اسمبلی کی کمر توڑ مہنگائی پر تشویش

ایک سال میں پیاز 132 فیصد، ٹماٹر 93 فیصد اور آٹا 62 فیصد مہنگا ہونا غریب و متوسط طبقے کا معاشی قتل ہے، وزیر اعظم فوری نوٹس لیں، ایم کیو ایم پاکستان

کراچی جیسے معاشی و ہوائی مرکز سے اہم قومی اداروں کے دفاتر کی منتقلی شہر قائد کے حقوق پر شب خون مارنے کے مترادف ہے، ترجمان متحدہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے حق پرست اراکین قومی و صوبائی اسمبلی نے ملک میں کمر توڑ مہنگائی اور اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے پر شدید (بقیہ نمبر 19 صفحہ نمبر 3)

☆☆ وفاقی وزیر سردار محمد یوسف سے چیئرمین علماء کونسل حافظ طاہر اشرفی ملاقات کر رہے ہیں ☆☆

سیرت النبی ﷺ کو عملی زندگی کا حصہ بنانا ہوگا: نبی کریم ﷺ کی تعلیمات پوری انسانیت کیلئے مشعل راہ ہیں، گورنر سندھ

کردار سازی، عدل و انصاف، برداشت اور حقوق العباد سیرت طیبہ کے بنیادی پیغامات ہیں، نہال ہاشمی

نوجوان نسل کو اسوہ حسنہ سے روشناس کرانا وقت کی اہم ضرورت ہے، سیرت النبی ﷺ سیمینار سے خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا ہے کہ سیرت النبی ﷺ ہمارے لیے مکمل ضابطہ حیات ہے، نبی کریم ﷺ کی تعلیمات پوری انسانیت کے لیے مشعل راہ ہیں، جبکہ نوجوان نسل کو سیرت طیبہ سے روشناس کرانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ سیرت النبی ﷺ صرف (بقیہ نمبر 13 صفحہ نمبر 3)

ٹرمپ نے آبنائے ہرمز پھر امریکی علاقہ قرار، ٹرمپ کا ایران پر بمباری کا عندیہ

آبنائے ہرمز کو بحری ناکہ بندی کے ذریعے کنٹرول کیا جا رہا ہے، امریکی صدر کی گفتگو

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے آبنائے ہرمز کو ایک بار پھر امریکی علاقہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ امریکا اس اہم آبی گزرگاہ پر ناکہ بندی کے ذریعے کنٹرول رکھتا ہے۔ اس بات کا دعویٰ امریکی صدر نے گزشتہ روز جنوبی کیرولائنا میں ایک سیاسی جلسے سے خطاب کرتے (بقیہ نمبر 18 صفحہ نمبر 3)

انسانی آزادی اور وقار پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا، مراد علی شاہ

سندھ حکومت صوبے میں جبری مشقت کے مکمل خاتمے اور مزدوروں و کمزور طبقات کے حقوق کے تحفظ کے لیے کوشاں ہے

سندھ صوفیائے کرام کی دھرتی ہے جہاں ہمیشہ انسانی احترام، مساوات، رواداری اور بھائی چارے کا درس دیا گیا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے بین الاقوامی یوم انسداد غلامی کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ انسانی تاریخ میں غلامی اور انسانوں کا استحصال سب سے بڑی زیادتی رہا ہے، جبکہ انسانی آزادی اور وقار پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔ سید مراد علی شاہ نے (بقیہ نمبر 17 صفحہ نمبر 3)

☆☆ حیدر آباد: دہشت گردی کے واقعات کی روک تھام کیلئے پولیس اہلکار چیکنگ کر رہے ہیں ☆☆

افغان طالبان نے ملک بھر میں مظاہروں پر مکمل پابندی لگا دی

کابل (مانیٹرنگ ڈیسک) افغانستان میں طالبان رجیم نے مظاہروں پر مکمل پابندی لگا دی۔ افغان میڈیا کے مطابق طالبان کے سپریم لیڈر ہیبت اللہ اخوندزادہ نے نئے قانون شرطہ (پولیس قانون) کی منظوری دی ہے، جس کے تحت افغانستان بھر میں ہر قسم کے مظاہروں پر پابندی ہوگی۔ افغان وزارت انصاف کی جانب سے آج باقاعدہ قانون شرطہ جاری کیا گیا ہے، جس میں پولیس کے مختلف شعبوں میں فرائض اور ذمہ داریوں کا تعین کیا گیا ہے۔ افغان میڈیا کے مطابق (بقیہ نمبر 11 صفحہ نمبر 3)

لانگ مارچ 27 ستمبر کو ہی ہوگا تاریخ میں کوئی ردوبدل نہیں، سہیل آفریدی

لانگ مارچ کی قیادت خود کروں گا اور لاکھوں افراد اسلام آباد لے کر جا رہا ہوں، وزیر اعلیٰ کے پی

عمران خان سے متعلق عدالتی فیصلے کو حکومت نے ردی کی ٹوکری میں ڈال دیا ہے

بونیر (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے دوٹوک کہا ہے کہ لانگ مارچ 27 ستمبر کو ہی ہوگا تاریخ میں کوئی ردوبدل نہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سپریم کورٹ کے فیصلے کے باوجود بانی کا شفا اسپتال میں علاج نہیں کرایا گیا، لانگ مارچ کی قیادت خود کروں (بقیہ نمبر 12 صفحہ نمبر 3)

بارش متاثرین کو فوری امداد، رہائش اور طبی سہولیات فراہم کی جائیں، بلاول بھٹو

آزاد کشمیر میں موسلا دھار بارشوں سے جانی و مالی نقصان پر اظہار افسوس

پیپلز پارٹی کارکنوں کو امدادی سرگرمیوں میں بھرپور کردار ادا کرنے کی ہدایت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے آزاد جموں و کشمیر میں موسلا دھار بارشوں کے باعث ہونے والے جانی و مالی نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ اداروں پر زور دیا ہے کہ بارش متاثرین کو فوری امداد، ریسکیو، رہائش (بقیہ نمبر 16 صفحہ نمبر 3)

چینی تعاون کے بغیر امریکا کیلئے ایران کو معاشی طور پر تنہا کرنا ممکن نہیں، نیویارک ٹائمز کا دعویٰ

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی اخبار نیویارک ٹائمز نے تجزیے میں کہا ہے کہ ایران کو معاشی طور پر تنہا کرنے کی امریکی کوششیں چین کے تعاون کے بغیر کامیاب ہونا مشکل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق چین ایران کا سب سے بڑا تجارتی شراکت دار اور ایرانی تیل کا اہم ترین خریدار ہے، جس کی وجہ سے واشنگٹن کے لیے بیجنگ کو نظر انداز کرنا آسان نہیں۔ رپورٹ کے مطابق چین نے 2025 میں ایران کے ساتھ تقریباً 41.2 ارب ڈالر کی تجارت کی (بقیہ نمبر 15 صفحہ نمبر 3)

فیلڈ مارشل عاصم منیر آج تہران کا دورہ کریں گے

نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ 6 روزہ دورے پر لندن پہنچ گئے، اہم شخصیات سے ملاقاتیں کریں گے

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر (آج) پیر کو تہران کا دورہ کریں گے، دورے کے دوران اہم ملاقاتیں ہوں گی۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے بتایا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کے دورے کا مقصد پاکستان اور (بقیہ نمبر 14 صفحہ نمبر 3)

حیدر آباد: کرچن کیونٹی کی جانب سے کراچی میں بچوں سے زیادتی کے واقعات کیخلاف احتجاج کیا جا رہا ہے

JUSTICE FOR FAIZAL

پی ٹی آئی کو کہتے ہیں جمہوری سیاسی طریقہ اپنائے، رانا تنویر حسین

فتنۃ الخوارج بھارتی سرپرستی میں پاکستان کو نقصان پہنچانے کے درپے ہیں

مریدکے (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ جس طرح وزیر اعظم شہباز شریف نے بلوچستان میں ڈائیلاگ اور مذاکرات کی بات کی ہے ویسے ہی اپوزیشن جماعتوں سے متعلق بھی کر چکے ہیں، جس طرح فتنۃ الخوارج بھارتی سرپرستی میں پاکستان کو نقصان پہنچانے کے درپے ہیں ایسے ہی سیاسی فتنۃ الخوارج بھی ہیں جن کا ہمیشہ مقصد پاکستان (بقیہ نمبر 10 صفحہ نمبر 3)

کراچی: انڈونیشین قونصل جنرل گرینڈ پین ایشین فوڈ فیسٹیول میں انڈونیشین فوڈ ڈیک کا افتتاح کر رہے ہیں

نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنیوالا بننا ہوگا، سیدال خان ناصر

نوجوان اپنے اسٹارٹ اپس کو بین الاقوامی برانڈز میں بدلنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کہا ہے کہ ملک کے معاشی مستقبل کی ضمانت کاروباری سوچ رکھنے والے نوجوانوں کے ہاتھ میں ہے۔ نوکری کے متلاشی کے بجائے روزگار پیدا کرنے والے انٹرپرینیورز بنانے پر ہے، جدید ہنر، ٹیکنالوجی اور مالی معاونت سے لیس نوجوان اپنے اسٹارٹ اپس کو بین الاقوامی برانڈز میں بدلنے (بقیہ نمبر 6 صفحہ نمبر 3)

شہر میں ٹریفک حادثات، بچے سمیت 4 افراد جاں بحق، 2 لہولہان

موچکو، ماڑی پور، بن قاسم اور سعید آباد میں حادثات، جاں بحق افراد میں 11 سالہ بچہ بھی شامل

نیشنل ہائی وے پر ٹریفک حادثہ، موٹر سائیکل سوار نوجوان جاں بحق، ساتھی شدید زخمی

کراچی (کرائم رپورٹر) شہر قائد کے مختلف علاقوں میں ٹریفک کے حادثات کے نتیجے میں 11 سالہ بچے سمیت 4 افراد جاں بحق جبکہ 2 افراد زخمی ہو گئے، جاں بحق افراد کی لاشیں اور زخمیوں کو مختلف اسپتالوں میں منتقل کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق موچکو تھانے کی حدود بلدیہ، ناردرن بائی پاس گوٹھ ٹرمینل کے قریب واٹر ٹینکر اور ٹرالر کے درمیان تصادم کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق ہو گیا۔ متوفی کی لاش چھیپا ایمبولینس کے ذریعے سول ٹراما سینٹر منتقل کی گئی، جہاں اس کی شناخت 30 سالہ اسد ولد رحیم کے نام سے ہوئی۔ ماڑی پور تھانے کی حدود گریکس یونا پمپ کے قریب ٹریفک حادثے میں موٹر سائیکل سوار ایک شخص جاں بحق (بقیہ نمبر 7 صفحہ نمبر 3)

سندھ کی تقسیم کی سازش کامیاب نہیں ہونے دیں گے، وقار مہدی

کراچی کو تباہ کرنے والے آج نئے انتظامی یونٹس اور ملکی بقا کی باتیں کر رہے ہیں

پیپلز پارٹی کی حکومت نے کراچی میں امن قائم کیا، نوگو ایریاز ختم کیے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی سندھ کے جنرل سیکریٹری سینیٹر وقار مہدی نے مصطفیٰ کمال کے بیان پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ کی سیاست ہمیشہ اپنے مفادات کے گرد گھومتی رہی ہے، سندھ کی تقسیم کی سازشیں کرنے والوں کو پہلے (بقیہ نمبر 3 صفحہ نمبر 3)

آزاد جموں و کشمیر اسمبلی کا پہلا اجلاس طلب

میرپور (بیورو رپورٹ) آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے لیے انتخابات کا پہلا مرحلہ مکمل ہونے کے بعد ایوان کا پہلا اجلاس طلب کر لیا گیا ہے جہاں نو منتخب اراکین حلف لیں گے جبکہ (بقیہ نمبر 8 صفحہ نمبر 3)

21 سابق عالمی کپتانوں نے عمران خان سے متعلق وزیر اعظم کو خط لکھ دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) دنیائے کرکٹ کے 21 سابق کپتانوں نے عمران خان کی صحت سے متعلق وزیر اعظم محمد شہباز شریف کو خط لکھ دیا۔ دنیا بھر کے 21 سابق بین الاقوامی کرکٹ (بقیہ نمبر 4 صفحہ نمبر 3)

ڈیجیٹل دور میں غلط معلومات اور گمراہ کن مواد کا تدارک ناگزیر ہے، عطا تارڑ

نوجوان افسران عاجزی، عزم اور احساس ذمہ داری سے پاکستان کی خدمت کریں

زیر تربیت افسران کو وزارت اطلاعات کے کردار اور حکومتی ابلاغ پر بریفنگ دی گئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ کا کہنا ہے کہ ڈیجیٹل دور میں غلط معلومات اور گمراہ کن مواد کا تدارک ناگزیر ہے، پیشہ وارانہ، بروقت اور ذمہ دارانہ ابلاغی حکمت عملی ضروری ہے۔ تفصیلات کے مطابق 54 ویں کامن ٹریننگ پروگرام کے زیر تربیت افسران نے ڈیجیٹل کمیونیکیشن ڈیپارٹمنٹ کا دورہ کیا، وفد کے ارکان نے وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا تارڑ سے ملاقات کی۔ وفد (بقیہ نمبر 9 صفحہ نمبر 3)

سندھ حکومت اور بلدیاتی اداروں میں بڑے پیمانے پر تبدیلیوں کا امکان

چیف سیکریٹری سندھ کی تبدیلی کی بازگشت، ڈاکٹر سیف الرحمن مضبوط امیدوار قرار

کے ایم سی، ٹی ایم سیز اور دیگر اداروں میں افسران کی کارکردگی کا جائزہ جاری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ حکومت، محکمہ بلدیات، کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن (کے ایم سی)، مختلف ٹاؤن میونسپل کارپوریشنز (ٹی ایم سیز) اور دیگر اہم سرکاری اداروں میں بڑے پیمانے پر انتظامی تبدیلیوں کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے، جبکہ گڈ گورننس، شفافیت اور کرپشن کے خاتمے کے لیے افسران کے تبادلوں اور نئی تعیناتیوں کی تیاریاں جاری ہونے کی اطلاعات ہیں۔ باخبر ذرائع کے (بقیہ نمبر 5 صفحہ نمبر 3)

قطری وفد کا پاکستان میں سرمایہ کاری کے مواقع تلاش کرنے میں دلچسپی کا اظہار

چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کی قطری سرمایہ کاروں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے قطر کے اعلیٰ سطح وفد نے ملاقات کی جس میں دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری بڑھنے اور باہمی تعاون مزید مستحکم بنانے پر (بقیہ نمبر 2 صفحہ نمبر 3)

دشمن نے ایران کو وینزویلا بنانے کا سوچا لیکن ایسا نہیں ہوا، ایرانی صدر

ایران غیر قانونی جنگی حالات میں عوام کی خدمت کے لیے اپنی تمام تر کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ ایران اس وقت معاشی اور عسکری لحاظ سے حالت جنگ میں ہے، تاہم ملک مشکلات کے سامنے مضبوطی سے ڈٹا ہوا (بقیہ نمبر 1 صفحہ نمبر 3)

میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب ہارون آباد باغیچہ میں 21 سال سے غیر فعال گارڈن واٹر پمپنگ اسٹیشن کی مکمل بحالی کے بعد افتتاح کے بعد دعا مانگ رہے ہیں

☆☆☆ کراچی: گورنر سندھ نہال ہاشمی گورنر ہاؤس میں سیرت النبی ﷺ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں ☆☆☆

روزنامہ ناظم نیوز کراچی
ایڈیٹر ☆ منیر حسین کھوکھر
Member APNS
پبلشر محمد یونس بلوچ نے محمدی پرنٹنگ پریس کراچی سے چھپوا کر ناظم نیوز میڈیا گروپ ڈاکٹر شاہ رخ ٹاور گراؤنڈ فلور متصل جیوڈی وی B4.4.97 عقب روزنامہ جنگ RY 9/1.7/2 آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے شائع کیا
فون نمبر: 0213-2625546 Email: dailynazimnewskhi6@gmail.com
اسپیشل اسسٹنٹ انچارج ''چیف فوٹو گرافر'' فیق عالم نواب''

سیرت النبی ﷺ ہمارے لیے مکمل ضابطہ حیات

صحافتی تنظیم کے عہدیداروں و اراکین کو دھمکیاں، تذلیل کی مذمت

اسپیشل خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے پروجیکٹ ٹیم (FAMB) کا باضابطہ افتتاح

اسلام آباد سے کراچی آنیوالی پرواز کے لیے کی خاتون مسافر سے بدسلوکی

نئے صوبے

میڈیا آئی

عبدالباسط علوی

abdulbasitalvi@gmail.com

یوم آزادی پر تھیلیسیمیا کے بچوں کے ساتھ خصوصی تقریب

تقریب کا اہتمام تنظیم کے چیئرمین مختیار احمد اور رفیق راجپوت کی جانب سے کیا گیا

میٹرک و انٹر کے پوزیشن ہولڈرز میں فرزندان پاکستان تعلیمی ایوارڈز آج تقسیم ہوں گے

ای او بی آئی، چیئرمین نے کنٹری بیوشن کی نئی شرح کی منظوری دیدی

غیر ہنر مند اور کمیشن کارکنوں کے لیے کم سے کم ماہانہ اجرت 40,700 روپے مقرر

حکومت ایجنسیوں کے لیے ترقیاتی بنیادوں پر کام کر رہی ہے، ڈاکٹر شام سندر

اسپانک چوٹی سر کرنیوالی ڈاکٹر اسما اشتیاق کی میت 6400 میٹر بلندی پر موجود



بلوچستان کا حل ڈائیلاگ میں ہے، بندوق کی نوک پر نہیں

مکالمہ، اعتماد اور مقامی قیادت ہی پائیدار امن کی بنیاد ہیں

تحریر: چوہدری شبیر بلوچستانی

قومی ہیرو امرو پلوکھی کی 167 ویں برسی

ملازمین کیلئے ایڈہاک الاؤنس ڈائریکٹر جنرل و دیگر مبارکباد

ایڈہاک الاؤنس 2026 کا اطلاق افسران کی تنخواہوں پر بھی کیا جائے

تاجر برادری نے سندھ کی معاشی ترقی میں نمایاں کردار ادا کیا، جام اکرام اللہ

حکومت سندھ سازگار ماحول اور کاروباری سرگرمیوں میں توسیع کے لیے اقدامات کر رہی ہے

کم عمری میں بال سفید ہونے کی بڑی وجوہات سامنے آگئیں

پریس کلب ارکان کو سندھی زبان سکھانے کیلئے کلاس شروع کرنے کا فیصلہ

راہ گیر خاتون سے نازیبا حرکات کرنے والا ملزم گرفتار

آل پاکستان وکلا ایکشن کمیٹی کا اہم اجلاس آج ہوگا

پی ٹی ایل کی حالیہ ترقی پانے والے ملازمین کے اعزاز میں تقریب کا انعقاد

ڈکیتی کی واردات، 24 لاکھ روپے اور موبائل فون لوٹ کر فرار

بوتل بند پانی کے 230 برانڈز میں سے 29 غیر معیاری قرار

22 برانڈز کے پانی میں جراثیم کی موجودگی، 9 میں سوڈیم اور 4 برانڈز میں ٹی ڈی ایس مقررہ حد سے زیادہ نکلا

معاملے پر حکومت سے رجوع کریں گے اور ریکارڈ کو درست کرانے کے لیے اپنا موقف پیش کریں گے، ترجمان کمپنیاں

جیل چورنگی پر شہری کی فائرنگ، مبینہ ڈاکو زخمی، 2 ساتھی فرار

کراچی کی سینکڑوں بیٹیوں نے فارم 47 کی سندھ حکومت پر عدم اعتماد کا اظہار کر دیا

واٹس ایپ کے ذریعے فراڈ کا نیا طریقہ سامنے آگیا

پہلی اہلیہ سے بولے گئے جھوٹ کو یاد کر کے غلام عباس آبدیدہ ہو گئے

خیرپور میں 5 افراد قتل، پولیس اہلکار بھی لٹ گئے

قومی مفاد کو مقدم رکھتے ہوئے سیاسی فیصلے کیے جائیں گے، فیصل کریم کنڈی

کراچی میں ٹریفک حادثات بے قابو: 603 افراد جاں بحق، 7 ہزار 467 افراد زخمی

کراچی میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف ٹریفک حادثات میں 2 بچوں سمیت 8 افراد جاں بحق جبکہ 4 افراد زخمی ہوئے

جاپان میں زلزلے کے جھٹکے، شدت 5.8 ریکارڈ کی گئی

شوہر کے والد اور ملازم نے مل کر بیوی کو قتل کیا، الزام

کینیڈا کا امریکا پر جوابی ٹیرف لگانے کا اعلان

میر رضا علی خان کیس: سندھ حکومت کا جوڈیشل کمیشن قائم کرنے کا فیصلہ

کراچی پریس کلب کے 639 اراکین کیلئے ہاؤسنگ پلاٹس کی قرعہ اندازی

بی آئی ایس پی کی جنوری تا 30 جون 2026 تک ادائیگی کا فیصلہ

کراچی ٹریفک بحران، معاشی شہ رگ مفلوج ہو رہی ہے، الطاف شکور

صنعت و تجارت

مہنگی درآمدی چینی: مقامی چینی برآمد کرنے کی اجازت

ایس آئی ایف سی کی ریگولیٹری اصلاحات

اسٹیٹ بینک نے اہم ملکی بینکوں کا تعین کر دیا

کراچی میں 20 کلو آٹے کا تھیلا 3 ہزار روپے تک پہنچ گیا

روئی کے بھاؤ میں اتار چڑھاؤ: فی من 700 روپے تک اضافہ